سوال

(93) نماز میں شک ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں کبھی کبھی نماز میں بھول جاتی ہوں کہ میں نے سورۃ فاتحہ پڑھی ہے یا نہیں۔ اس پر میں سورۃ فاتحہ دوبارہ پڑھ لیتی ہوں۔ کیا میرا یہ عمل درست ہے یا مجھے سجدہ سہو کرنا ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض لوگوں کو دوران نماز کثرت سے وسوسے لاحق ہوتے رہتے ہیں اور انہیں قراءت یا تشہد میں شک پیدا ہوجاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ انسان پوری یکسوئی اور حضور قلب سے نماز ادا کرے تاکہ وسوسے اور اوھام کم سے کم ہوں، پھر بھی اگر شک غالب رہے اور عام عادت قراءت کرنے کی ہو، تو ایسی صورت میں قراءت کا اعادہ و تکرار مکروہ ہے اور اگر احتیاطا اعادہ ہوجائے تو سجدہ سہو لازم نہیں ہوگا۔ ۔ ۔ ۔ شیخ ابن جبرین ۔ ۔ ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

نماز، صفحہ: 116

محدث فتویٰ